ادارہ

مسافرانِ آخرت

☆ **والدہ مرحومہ مولانا عبدالحفیظ مکّی:** انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے امیر حضرت مولانا عبدالحفیظ مکّی مدظلہٗ کی والدہ ماجدہ ۱۳؍ اکتوبر ۲۰۱۱ء کو مکّہ مکرّمہ میں انتقال کر گئیں۔ اُن کی نمازِ جنازہ حرم شریف میں ادا کی گئی اور جنت المعلیٰ میں تدفین ہوئی۔ ابن امیرِ شریعت قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری، جناب عبداللطیف خالد چیمہ اور سید محمد کفیل بخاری نے حضرت مکّی صاحب مدظلہٗ سے اظہارِ تعزیت کیا ہے اور مخدومہ مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت کی ہے۔

☆ **اہلیہ مرحومہ مفتی شفیق الرحمٰن صاحب** (جامعہ قادریہ، رحیم یار خان) انتقال ۱۱؍ اکتوبر ۲۰۱۱ء

☆ **دادی مرحومہ مولانا جمیل الرحمٰن عبّاسی** بہاول پور۔ انتقال ۱۱؍ اکتوبر ۲۰۱۱ء

☆ **میاں عبدالرحمٰن صاحب مرحوم** خطیب مسجد تلوار والی لاہور، ۸؍ اکتوبر ۲۰۱۱ء ایک (حادثہ) میں انتقال کر گئے۔ مرحوم کے والد محبِّ احرار میاں محمد ابراہیم رحمۃ اللہ (جامع مسجد انار کلی لاہور) قدیم احرار کارکن تھے۔ انھوں نے ۱۹۵۳ء کی تحریک ختم نبوت میں بہت جرأت مندانہ اور مجاہدانہ کردار ادا کیا۔ ۱۹۶۲ء میں چوک انار کلی میں یوم معاویہ منایا اور گرفتار ہوئے۔

☆ بخاری اکیڈمی دارِ بنی ہاشم ملتان کے ناظم جام ریاض احمد کی چچی صاحبہ۔ انتقال: ۳۰؍ ستمبر ۲۰۱۱ء

☆ مدرسہ معمورہ ملتان کے قدیم معاون اور ہمارے مخلص رفیق حاجی محمد اکرم انصاری (رنگ والے) انتقال: ۶؍ اکتوبر ۲۰۱۱ء

☆ مجلس احرارِ اسلام لاہور کے کارکن سید امجد علی صاحب کی والدہ ماجدہ۔ انتقال ۲۲؍ اکتوبر ۲۰۱۱ء

☆ **ماسٹر اللہ بخش صاحب مرحوم:** ناظم نشر واشاعت مجلس احرارِ اسلام کمالیہ۔ انتقال: ۶؍ اکتوبر ۲۰۱۱ء

☆ میلسی کے سینئر صحافی پریس کلب میلسی کے سرپرست حاجی غلام مصطفیٰ عجمی کی اہلیہ اور میاں الطاف الرحمٰن، حفظ الرحمٰن اور شفیق الرحمٰن الہ آبادی کی والدہ ماجدہ ۷؍ اکتوبر ۲۰۱۱ء بروز جمعۃ المبارک انتقال کر گئیں۔

☆ **مولانا وحید الدین** مدرسہ ضیاء العلوم خانگڑھ کے مہتمم ستمبر کے آخر میں انتقال فرما گئے۔

☆ مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر سید محمد کفیل بخاری اور سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کے استاد الحدیث اور جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولانا عبدالمالک شاہ، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے رہنما میاں عبدالرحمٰن اور بزرگ احرار رہنما مولانا سید فضل الرحمٰن شاہ احرار رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند جناب سید خالد مسعود گیلانی کے چھوٹے بھائی سید حبیب الرحمٰن مجاہد (سلانوالی) کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعائے مغفرت کی ہے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں۔ (آمین)

احباب وقارئین تمام مرحومین کے لیے دعاء مغفرت وایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)